نیلام عام حقوق وصولی اڈا فیس

جنرل بس سٹینڈ سیالکوٹ چھاؤنی

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ ٹھیکہ برائے حقوق وصولی اڈا فیس جنرل بس سٹینڈ بمطابق شیڈول سیالکوٹ کنٹونمنٹ بورڈ برائے گیارہ ماہ یکم اگست 2024ء تا 30 جون 2025ء مورخہ 24 جولائی 2024ء بوقت 12 بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ درج ذیل شرائط پر نیلام کر رہا ہے۔ مقررہ تاریخ کو بولی نہ ہونے پر/ مسترد ہونے کی صورت میں اگلی تاریخ 25 جولائی 2024ء کو دوبارہ بولی ہو گی۔ اور اگر اس تاریخ کو بھی بولی فائنل نہ ہوئی تو آئندہ بولی مورخہ 26 جولائی 2024ء کو ہو گی۔

شرائط:-

1۔ ہر بولی دہندہ کو بولی دینے سے قبل زر بیعانہ مبلغ -/Rs:1,00,00,000 کال ڈیپازٹ بنام کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر سیالکوٹ کینٹ جمع کروانا ہو گا۔ نقد رقم قابل قبول نہ ہو گی۔ جو ماسوائے کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کے بولی کے اختتام پر واپس کر دی جائے گی۔

2۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنی بولی کا 1/4 حصہ بطور ضمانت بولی کے اختتام پر دفتر ہذا میں جمع کروانا ہو گا۔ 1/4 حصہ جمع نہ کروانے کی صورت میں زر بیعانہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا۔

3۔ جنرل بس سٹینڈ سیالکوٹ کی بولی عرصہ گیارہ ماہ کے لیے ہو گی۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی حتمی منظوری کے بعد بولی کی کل رقم 11 مساوی اقساط کی صورت میں ادا کرنے کا پابند ہو گا۔ جو کہ ہر ماہ کی 5 تاریخ تک دفتر ہذا میں لازمی جمع کروانا ہو گی۔ کسی قسط مذکورہ تاریخ تک عدم ادائیگی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ اور زر ضمانت ضبط تصور ہو گا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ جنرل بس سٹینڈ فیس کنٹونمنٹ بورڈ کے مقررہ کردہ شیڈول کے مطابق وصول کرنے کا مجاز ہو گا شیڈول کی کاپی دفتر ہذا سے لی جا سکتی ہے۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ جنرل بس سٹینڈ کے تمام پانی و بجلی کے بل ادا کرنے کا پابند ہو گا۔ موجودہ پانی و بجلی تنصیبات کو درست حالت میں رکھنا بھی ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہو گی۔ اس سلسلے میں اگر اخراجات ہوئے تو وہ بذمہ ٹھیکیدار ہوں گے۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ عملہ کنٹونمنٹ بورڈ جو کہ بس سٹینڈ پر وصولی وغیرہ کے فرائض انجام دے گا۔ ان کی تنخواہ اور دیگر واجبات ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ افراد یا کمپنی جو کہ ادارہ ہذا کے نادہندہ ہیں براہ راست یا کسی اور کے ذریعے بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق ایڈوانس انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی کی منظوری ہونے کے بعد 07 یوم کے اندر دفتر ہذا سے تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہو گا۔

11۔ جنرل بس سٹینڈ میں صفائی ستھرائی رکھنے کی ذمہ ٹھیکیدار کی ہو گی۔

12۔ انتظار گاہ میں ٹھنڈا پانی رکھنے کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہو گی۔

13۔ وصولی اڈا فیس کے لیے باقاعدہ کاؤنٹر مختص کرنا اور رسید کا اجراء ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہو گی۔

14۔ نیلامی میں حصہ لینے والے اشخاص اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی ساتھ لائیں گے۔ اس کے علاوہ جو شخص کسی دوسرے کے لیے بولی دے گا اور اس شخص کا اتھارٹی لیٹر ساتھ لائے گا۔

15۔ دیگر معلومات ٹھیکہ کنٹونمنٹ بورڈ آفس میں دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کی جا سکتی ہیں۔ یا R.S کنٹونمنٹ بورڈ سے ٹیلی فون نمبر 4267905 پر دفتری اوقات کار میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

16۔ مجاز اتھارٹی بغیر وجہ بتائے کسی بھی بولی کو PPRA RULES کے تحت مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے اور کامیاب بولی تابع منظوری بورڈ ہو گی۔

17۔ نیلامی بمطابق قواعد ضوابط پیپرا رولز 2004ء عمل میں لائی جائے گی۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

سیالکوٹ کینٹ

Scanned with CamScanner

CANTONMENT BOARD SIALKOT

AZIZ SHAHEED ROAD SIALKOT CANTT
PH #: 4260671, 4273349, FAX: 4265599
Email: cbsialkot@gmail.com

No. 1-27/Advt/CBS/1360-   Dated 05-07-2024

To

1) The Press Information Department (PID),
Islamabad.

2) Public Procurement Regularity Authority,
Cabinet Division, Govt. of Pakistan,
Federal Bank for Cooperative Buildings,
1st Floor, Section G-5/2,
Near SBP Islamabad (051-9224822).

Subject:- **ADVERTISEMENT.**

The attached advertisement may please be got published in Daily "Express" Gujranwala, Daily "Express Tribune", Daily "The News" & Daily "Jang" Lahore on 6th July, 2024 on inner page in one insertion. Bill on Govt. approved rates alongwith press clipping of the relevant newspaper may please be furnished to this office for payment.

Encl:- **As stated above**

CANTT EXECUTIVE OFFICER
SIALKOT CANTT

Copy to:-

1. Accountant, CBS
2. Master file.

Scanned with CamScanner